3 مارچ 2012ء

برائے فوری اجراء

رابطہ: مارک اسٹرو

ترجمان

فون: 0300-555-0308

امریکہ کا پاکستان کی قربانیوں پر خراج عقیدت

اسلام آباد (3 مارچ 2012ء) ___ امریکہ گزشتہ روز خیبر ایجنسی میں عسکریت پسندوں کے خلاف لڑائی میں فوجیوں کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر پاکستان کے عوام، حکومت اور بالخصوص پاک فوج سے خلوص دل کے ساتھ اظہار تعزیت کرتا ہے۔ ہماری سوچیں اور دعائیں ان افراد کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں جنہوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔

پاکستان اور امریکہ کے عوام تشدد آمیز انتہا پسندوں کے خطرہ کا سامنا کر رہے ہیں جو اپنی رائے دوسروں پر تھوپنے کے لئے ووٹ کے بجائے بندوق کی گولی کا استعمال کرتے ہیں۔ امریکی قوم تشدد آمیز انتہا پسندی کے مشترکہ خطرہ سے نمٹنے کے لئے پاکستانیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

ہم خاص طور پر پاکستان کی مسلح افواج کے مرد و زن کو ان کی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے بے انتہا قربانیاں دی ہیں۔ ان کی سرفروشی اور جرات پر ہم سب کو فخر ہے اور ہماری دعائیں اور اعانت ان کے ساتھ ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کے لئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔